G791344

100 Rupees

۱۰۰ روپیہ

# معاہدہ نامہ

**فریق اول:-** حسین احمد ولد جہان سید سکنہ کوز کلے مارتونگ تحصیل مارتونگ ضلع شانگلہ

**فریق دوم:-** تحصیل میونسپل آفیسر ٹی ایم اے مارتونگ ضلع شانگلہ

آج بمورخ 2021/06/05 مابین فریقین مالک اراضی (فریق اول) اور تحصیل میونسپل آفیسر ٹی ایم اے مارتونگ جو معاہدہ میں فریق دوم سے موسوم ہوتا ہے۔ باہمی رضامندی وخوشی اور اتفاق رائے سے تحریر کیا جاتا ہے۔ کہ فریق اول (مالک اراضی) اپنی اراضی واقع مارتونگ چنار بمطابق تصدیق شدہ فریق دوم کو شراکت کی بنیاد پر جنرل بس سٹینڈ (اڈہ) مارتونگ کیلئے درجہ ذیل شرائط پر مہیا کریگا اور پھر دونوں فریقین کے درجہ ذیل شرائط کے پابند اور ذمہ دار ہونگے۔ اور ان سے کسی قسم کی انحراف نہیں کرینگے۔

1. جنرل بس سٹینڈ (آڈہ) مارتونگ کیلئے فریقین اپنی اراضی واقع مارتونگ تعداد اراضی 4 کنال 12 مرلے فریق دوم کو شراکت کی بنیاد پر مہیا کریگا۔
2. فریق اول (مالک اراضی) اپنے خرچ پر صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن مارتونگ کے فراہم کردہ نقشہ وہدایت کے مطابق آڈہ تعمیر کریگا۔ اور سارے اخراجات فریق اول برداشت کریگا۔ نیز تعمیراتی کام کی نگرانی محکمہ بلدیات / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن مارتونگ یا اسکے نمائندے کرینگے۔
3. فریق اول ایک ماہ کے اندر اندر فراہم کردہ نقشہ کے مطابق اڈہ مکمل کریگا۔ بصورت دیگر صوبائی حکومت / تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن مارتونگ ڈسٹرکٹ شانگلہ یہ حق محفوظ رکھتا ہے۔ کہ اقساط کی ادائیگی روک کر اس پر نقشہ کے مطابق اڈہ تعمیر کریگا۔ اور یہ خرچہ فریق اول کے 30٪ حصہ سے تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن مارتونگ تعمیر کریگا جس پر مالک زمین کو کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔
4. فریق دوم مذکورہ اڈے کی مکمل آمدنی وصول کریگی۔ کل آمدنی میں سے 40 فیصد فریق اول اور 60 فیصد فریق دوم کی ہوگی۔
5. فریقین کے مابین مذکورہ اڈے کا اجارہ 30 جون 2031 تک ہوگا۔ جس میں مذید توسیع فریقین کی باہمی مرضی سے کی جاسکے گی۔
6. فریق اول معاہدہ ہذا کی شق نمبر 4 کے مطابق اپنے حصے کی رقم ٹی ایم اے مارتونگ سے وصول کرے گا۔
7. متعلقہ چار کنال 12 مرلے اراضی میں سے نقشہ کے مطابق لیٹرین، انتظار گاہ، مسجد کے علاوہ مالک زمین کا کوئی عمل دخل نہیں ہوگا۔ مطلوبہ چار کنال 12 مرلے میں ٹی ایم اے مارتونگ کو ہر قسم تعمیرات کی اجازت ہوگی۔ جس پر فریق اول کو کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔

حسین احمد

G791345

100 Rupees

۱۰۰ روپیہ

8. آڈہ کے بنیادی ضروریات کے علاوہ ہر قسم تجارتی لین دین میں ٹی ایم اے مارتونگ کا 60/40 (70/30) کے حساب سے حصہ ہو گا۔ اس کے لئے ہر قسم تعمیرات کا خرچہ مالک زمین پر ہو گا۔

9. اڈہ میں عارضی کوکا، کیبین اور ہاتھ ریڑھی کا کرایہ فریق دوم کو وصول کرنے کا مجاز ہو گا۔ البتہ فریق اول پختہ تعمیرات کرانا چاہیں تو عارضی تعمیرات بغیر کسی مزاحمت مہلے ہٹاییٔ جائگی۔

10. مذکورہ آڈے میں دو بڑے راستے یعنی IN-OUT ہونگے۔ ایک راستہ گاڑیوں کے اندر جانے کیلئے اور دوسرا راستہ باہر جانے کیلئے فریق اول اپنے خرچ پر تعمیر کرے گا۔

11. فریق اول اڈے میں مردانہ اور زنانہ علیحدہ علیحدہ لیٹرین مسافروں کی سہولت کیلیے اپنے حرچ پر تعمیر کرے گا۔

12۔ مابین فریقین اگر کوئی تنازعہ پیدا ہو جائے تو معاملہ RMO ملاکنڈ ڈویژن کو بھیجا جائے گا۔ جس کا فیصلہ حتمی ہو گا۔ دونوں فریقین کیلئے منظور ہو گا۔ اور کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جائے گا۔

13۔ فریق اول گاڑیوں کے لئے علیحدہ علیحدہ سٹینڈ کی تعمیر، شیڈ اور سائن بورڈ فراہم کریگا۔

14۔ اگر صوبائی حکومت کی طرف سے کوئی نئے احکامات جاری ہوئے تو دونوں فریقین عمل پیرا ہونگے۔

15۔ اوپر دئے گئے کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کی صورت میں ٹی۔ ایم۔ او / ار۔ ایم۔ او کو اختیار حاصل ہو گا۔ کہ معاہدہ منسوخ کردے جو کسی بھی عدالت مجاز میں چیلنج نہیں کیا جائے گا۔

حسین احمد ولد جہان سید

فریق اول:۔ سکنہ کوز کلے مارتونگ تحصیل مارتونگ ضلع شانگلہ

15504-3918960-5

تحصیل میونسپل آفیسر

فریق دوم:۔ ٹی ایم اے مارتونگ ضلع شانگلہ

گواہ نمبر 1 ____________

ٹی او(آر)/ٹیکس سپرینٹنڈنٹ

ٹی ایم اے مارتونگ

15504-2232434-3

گواہ نمبر 2 ____________

ٹیکس سپروائزر / آفس اسسٹنٹ

ٹی ایم اے مارتونگ

42301-6051908-9

# فرد انتخاب از جمعبندی سال ۲۰۱۶-۲۰۱۵ موضع کوز کلے حد بست نمبر 85

تحصیل مارتونگ زیلی تحصیل ٧ ضلع شانگلہ

| نمبر کھاتہ مالک | نمبر کھتونی کاشتکار | نام مالک مع احوال | نام کاشتکار مع احوال | نمبر خسرہ مع وٹڈ | رقبہ مع قسم زمین | وسائل آبپاشی | لگان مع شرح | کیفیت |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| 23 | 46 | کُل جُملہ حصہ ذیل<br>"<br>حسین احمد ولد جہان سید قوم افغان ساکندیہ ..... یکمہ (1)<br>دیگر بدستور ..... پانچ حصہ $\frac{5}{}$ | منضل محمد ولد زنگیہ شاہ قوم کیتون ساکندیہ نیز دخلیکار | 532<br>بزرگر | 34-2<br>آبی | چونستین کنال دو دے | حصہ<br>$\frac{1}{6}$ | فی شقلہ<br>رقبہ<br>K M<br>$5—13\frac{1}{2}$<br>پانچ کنال ساڑھے تیرہ مرلے |

جناب عالی!

نقل مطابق اصل درست ہے

[signature]

3-11-021

ATTESTED

[signature] 04/11/2021

NAIB TEHSILDAR
MARTUNG